**Series : BVM/1**

**SET-4**

کوڈ نمبر
**Code No. 30**

Roll No. | | | | | | | | رول نمبر

طالب علم کوڈ نمبر جوابی کاپی کے سرورق پر ضرور لکھیں۔
Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- Please check that this question paper contains **7** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **11** questions.
- **Please write down the serial number of the question before attempting it.**
- 15 Minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the student will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

PARIKSHA 2019

# اُردو (الیکٹو)

# URDU (Elective)

مقرّرہ وقت : 3، گھنٹے | کُل نمبر : 100

*Time allowed : 3 hours* | *Maximum marks : 100*

1. درج ذیل اقتباسات میں سے کسی **ایک** کا غور سے مطالعہ کیجیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیے : **10**

**(الف)**

اس اثنا میں اُس کے ہاں دو بیٹے ہوئے تھے، جواب نہیں رہے۔ ایک گنگا میں نہا رہا تھا کہ ڈوب گیا اور دوسرا پولیس مقابلے میں مارا گیا۔ پولیس کے ساتھ اس کا مقابلہ کیوں ہوا، اس میں کچھ ایسی بتانے کی بات نہیں۔ جب بھی کوئی آدمی اپنے وجود سے واقف ہوتا ہے اور اپنے اردگرد پھیلی ہوئی بے چینی محسوس کرنے لگتا ہے تو اُس کا پولیس کے ساتھ مقابلہ ہو جانا قدرتی ہو جاتا ہے، بس ایسا ہی کچھ اس کے ساتھ بھی ہوا تھا — اور بوڑھے ہوری کے ہاتھ ہل کے ہتھے کو تھامے ہوئے ایک بار ڈھیلے پڑے، ذرا کانپے اور پھر ان کی گرفت اپنے آپ مضبوط ہو گئی اس نے بیلوں کو ہانک لگائی اور ہل کا پھل زمین کا سینہ چیرتا ہوا آگے بڑھ گیا۔

ان دونوں بیٹوں کی بیویاں تھیں اور آگے ان کے پانچ بچے تین گنگا میں ڈوبنے والے کے اور دو پولیس مقابلے میں مارے جانے والے کے۔ اب ان سب کی پرورش کا بار ہوری پر آن پڑا تھا۔

(i) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کے مصنف کا نام کیا ہے ؟

(ii) دونوں بیٹوں کی موت کیسے واقع ہوئی تھی ؟

(iii) پولیس کے ساتھ مقابلہ کب قدرتی ہو جاتا ہے ؟

(iv) بوڑھے ہوری نے ہل کس طرح چلایا ؟

(v) ہوری پر کن کن لوگوں کی پرورش کا بار آن پڑا تھا ؟

**(ب)**

سگھ مدرسہ دراصل ایک یتیم خانہ تھا جو ایک بغیر چھت کی مسجد اور چند پھوس کے چھپروں پر مشتمل تھا۔ اس سگھ مدرسہ کے مہتمم اور روح رواں حافظ اللہ دیا نام کے ایک صاحب تھے۔ گورے چٹے، قد تھوڑا نکلتا ہوا، طباق سا چہرہ اور پھیلی ہوئی ناک۔ بات چیت میں اچھے تھے اور گوارا آداب و اطوار کے انسان تھے۔ جب ہم سگھ مدرسہ

آئے امّاں اپنے میکے چلی گئی تھیں۔ ابّا یہاں کیوں آئے تھے - مجھے نہیں معلوم، اس لئے کہ یہاں امامت کا کوئی سلسلہ نہیں تھا۔ اس مدرسہ میں تیس پینتیس لڑکے تھے۔ یہاں دینی تعلیم کا انتظام بھی تھا۔ جہاں نہ صرف اس مدرسہ کے لڑکے پڑھتے تھے بلکہ سکھ بستی کے لڑکے لڑکیاں بھی آتے تھے۔

یہ مدرسہ جنگل کے بیچوں بیچ تھا جس کے دو طرف کھیت تھے۔ تیسری طرف آموں کا باغ اور سکھ بستی اور چوتھی جانب کانس کا بہت بڑا جنگل جس کے ایک سِرے پر ایک بہت بڑی جھیل تھی جس کے پانی میں مگرمچھ تیرتے دکھائی دیتے تھے۔ جو کبھی کبھی کنارے پر بھی آجاتے تھے اور دھوپ میں لیٹے رہتے تھے۔

(i) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کے مصنف کا نام کیا ہے ؟

(ii) سکھ مدرسہ کیا تھا اور اس کی کیا حالت تھی ؟

(iii) حافظ اللہ دیا کا حلیہ بیان کیجیے۔

(iv) سکھ مدرسہ میں کتنے لڑکے پڑھتے تھے ؟ اور یہاں کا تعلیمی نظام کیسا تھا ؟

(v) مدرسہ کہاں تھا اور اس کے چاروں طرف کیا کیا تھا ؟

2. درج ذیل میں سے کسی **ایک** سوال کا سو **(100)** الفاظ میں جواب لکھیے : **5**

(i) افسانہ ''لمحے'' کا مرکزی خیال کیا ہے ؟ مصنف نے اس افسانہ میں کیا پیغام دیا ہے ؟

(ii) خاکہ کسے کہتے ہیں ؟ ایک اچھے خاکے میں کیا خوبیاں ہوتی ہیں ؟

3. درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے جواب لکھیے : **5 + 5 = 10**

(i) امراؤ جان ادؔا کے کردار پر روشنی ڈالیے۔

(ii) علاّمہ اقبال نے سجّاد ظہیر کی باتوں کا کیا جواب دیا ؟

(iii) ڈاکٹر عبدالعلیم کے کردار کی خصوصیات بیان کیجیے۔

(iv) انشائیہ ''مچھر'' میں انسان کو کیا نصیحتیں کی گئی ہیں ؟

4. درج ذیل شعری حصّوں میں سے کسی **ایک** کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیے : **10**

**(الف)**

اب شوق سے بگاڑ کی باتیں کیا کرو
کچھ پا گئے ہیں آپ کی طرزِ بیاں سے ہم

ایک لگی کے دو ہیں اثر اور دونوں حسب مراتب ہیں
لو جو لگائے شمع کھڑی ہے، رقص میں ہے پروانہ بھی

پرسشِ غم کو وہ آئے تو اک عالم ہوگا
دیدنی کیفیتِ قلب و جگر بھی ہوگی

دل کا وہ حال ہوا ہے غم دوراں کے تلے
جیسے اک لاش چٹانوں میں دبا دی جائے

آنکھوں میں چھپائے پھر رہا ہوں
یادوں کے بجھے ہوئے سویرے

(i) شاعر بگاڑ کی باتیں کیوں کرنا چاہتا ہے؟

(ii) ایک لگی کے دو اثر کیا ہیں؟

(iii) 'پرسش غم کو وہ آئے' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

(iv) غم دوراں کا کیا مطلب ہے؟

(v) شاعر اپنی آنکھوں میں کیا چھپائے پھر رہا ہے؟

**(ب)**

شام کو جب جھیل کے پانی میں ڈالے اپنے پانو
دائرہ در دائرہ موجیں اٹھا دیتے تھے ہم
تب تھکا ماندہ، انیندہ، مضمحل سورج
اپنے خوابستان میں روپوش ہو جانے سے قبل
مسکرا کر ہم سے کہتا شب بخیر
اور چل پڑتے تھے ہم سب اپنے گھر
اپنے دِل کی دائرہ در دائرہ موجوں میں سورج گھیر کر
اور اب ؟
اب تو یہ بھی یاد رکھنا ہے محال
کس طرف پورب ہے، پچھّم ہے کدھر،
کب اگا کرتا ہے سورج اور کب جاتا ہے ڈوب !
کس کو بستر میں پتہ !
کس کو دفتر میں خبر !

(i) یہ اشعار کس نظم کے ہیں اور اس نظم کے شاعر کا نام کیا ہے ؟
(ii) شاعر کو اپنی گزشتہ شامیں کیوں یاد آتی ہیں ؟
(iii) سورج کو تھکا ماندہ شاعر نے کیوں کہا ہے ؟
(iv) ''اور اب ؟'' سے شاعر کی کیا مراد ہے ؟
(v) شاعر کے لیے کیا یاد کرنا محال ہے ؟

5. درج ذیل میں سے کسی **ایک** سوال کا جواب سو **(100)** الفاظ میں لکھیے : **5**
(i) آرزو لکھنوی کی غزل کے امتیازات کیا ہیں ؟ لکھیے۔
(ii) نظم وقت کا ترانہ کا مرکزی خیال لکھیے۔

6. درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے : 10

(i) شاعر دل سے اور آسمان سے کیوں ڈرا ہوا ہے ؟

(ii) ''زندگی ہے تو بہر حال بسر بھی ہوگی'' سے شاعر کی کیا مراد ہے ؟

(iii) زمین میں کیسے کیسے لوگ دفن ہیں ؟ نظم طباطبائی نے کیوں کہا ہے ؟

(iv) روحِ ارضی آدم کا استقبال کرتی ہے اس نظم کا بنیادی خیال کیا ہے ؟

7. درج ذیل میں سے کسی **ایک** سوال کا جواب سو **(100)** الفاظ میں لکھیے : 4

(i) پریم چند کی ناول نگاری کی خصوصیات لکھیے ۔

(ii) ڈرامے کی تعریف اور اس کے اجزائے ترکیبی کی وضاحت کیجیے۔

8. درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے : 6

(i) افسانہ ''کلرک کی موت'' سے کیا سبق ملتا ہے ؟

(ii) نرمل ورما کے افسانے ''جلتی جھاڑی'' کا مرکزی خیال لکھیے ۔

(iii) افسانہ ''جنم دن'' کا خلاصہ لکھیے ۔

(iv) گھر پہنچ کر مصنف نے کس کتاب کا مطالعہ کیا اور کیوں ؟ انشائیہ ''مرحوم کی یاد میں'' کی روشنی میں لکھیے ۔

9. درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے جواب تفصیل سے لکھیے : 10 + 10 = 20

(i) اردو زبان کے آغاز و ارتقا پر روشنی ڈالیے۔

(ii) دبستان دہلی کی شاعرانہ خصوصیات کی وضاحت کیجیے۔

(iii) علی گڑھ تحریک کے اغراض و مقاصد بیان کیجیے۔

(iv) فورٹ ولیم کالج کی ادبی خدمات تحریر کیجیے۔

10. درج ذیل میں سے صرف **تین** سوالوں کے جواب لکھیے : 3 × 5 = 15

(i) قرۃ العین حیدر کی افسانہ نگاری کا جائزہ لیجیے۔

(ii) احتشام حسین کی تنقید نگاری کی خصوصیات لکھیے۔

(iii) ترقی پسند تحریک پر ایک نوٹ لکھیے۔

(iv) شفیق فاطمہ شعریٰ کی شاعری کی خصوصیات تحریر کیجیے۔

11. درج ذیل سوالوں کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کر کے لکھیے : 5

(i) شفیع جاوید کے افسانہ کا نام کیا ہے؟

(a) بلونت سنگھ (b) فوٹوگرافر (c) میں، وہ

(ii) کس نے اپنا تخلص حالیؔ رکھا ؟

(a) فیض احمد فیض (b) شبلی نعمانی (c) الطاف حسین

(iii) غزل کے پہلے شعر کو کیا کہتے ہیں ؟

(a) مقطع (b) قطعہ (c) مطلع

(iv) رپورتاژ ''پودے'' کا مصنف کون ہے ؟

(a) رام لعل (b) کرشن چندر (c) خواجہ حسن نظامی

(v) ''یہودی کی لڑکی'' کا تعلق کس صنف سے ہے؟

(a) ڈراما (b) ناول (c) افسانہ

BVMI EXAMINATION 2019 •